Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کچھ کہنے ہی والی تھی کہ ڈرائیور کے انے کے بارے میں
پڑا چلا تو وہ دونوں چل دیں ۔عیشاء نے اسکا لہنگا پکڑا ہوا
تھا اور کالی چادر اوڑاھی۔گاڑی کا سفر خاموشی سے کاٹا

??????????

حوریہ بنت کامران علی ولد حیدر کیا آپکو وہاج علی ولد
امان حیدر سے 50 لکھ حق مہر یہ نکاح قبول ہے؟مولوی
صاحب کی آواز اس کے کانوں میں گونجی تو جیسے کچھ
دھندھلا سا اسکی آنکھوں کے آگے لہرایا لیکن پھر اچانک
غائب ہوا اسے کچھ سمجھ نہیں آیا پھر اس نے امان صاحب
کی جانب دیکھا جو قریب ھی تھے تو انہوں نے اپنا ہاتھ اس
کے سر پے رکھا تو جیسے اسے تحفظ کا احساس ہوا

قبول ہے۔

حوریہ بنت کامران علی ولد حیدر کیا آپکو وہاج علی ولد
امان حیدر سے 50 لکھ حق مہر یہ نکاح قبول ہے؟

قبول ہے۔دوسری بار

حوریہ بنت کامران علی ولد حیدر کیا آپکو وہاج علی ولد
امان حیدر سے 50 لکھ حق مہر یہ نکاح قبول ہے؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

قبول ہے۔اور پھر تیسری اور آخری بار

اس کے بعد اس نے نکاح نامے پے لرزتے ہاتھوں سے سائن کیے اور پھر وہاج کو اس کے ساتھ لا کے بیٹھا دیا گیا اس نے چہرہ پے سہرا کیا تھا جس کی وجہ سے اسے کچھ عجیب تو لگا لیکن اس نے زیادہ دھیان نہیں دیا۔اور دور کھڑے کسی نے اپنی آنکھوں سے بہنے والا آنسوں بے دردی سے صاف کیا

کچھ ہی دیر میں رخصتی کی گئی اور اب اسے وہاج کے کمرے میں بیٹھا دیا گیا تھا شہناز بیگم ابھی باہر گئیں تھیں

کچھ دیر بعد دروازہ کھلنے کی آواز آئی تو اسے گھبراہٹ ہونے لگی۔وہاج آیا اس نے اس سے کوئی بات نہیں کی ۔پھر کپڑے چینج کر کے آیا

سمیٹو یہ سب مجھے نیند آ رہی ہے ---جلدییی۔اس نے روکھے سے لہجے میں کہا جبکہ وہ ہونکوں کی طرح اسے دیکھنے لگی کہ آج کے وہاج اور پہلے کے وہاج میں کتنا فرق ہے جو بھی ہو لیکن اس سے پہلے اس نے اس سے کبھی اس لہجے میں بات نہیں کی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اٹھو بھی ابب۔اسے نہ ہلتے دیکھ وہ دوبارہ بولا تب وہ جلدی سے بیڈ سے اتری اور ڈریسنگ روم میں چلی گئی ۔

کچھ دیر بعد جب وہ واپس آئی تو کمرے کی لائٹ اوف تھی اور وہاج بیڈ پے لیٹا ہوا تھا شاید سو رہا تھا وہ اگے بڑھی تو اسے سائیڈ ٹیبل پے مخملی سی ڈبی دکھائی دی اس نے اسے کھولا تو اس میں ایک خوبصورت سی چین تھی تبھی ایک آنسو اس کے گال پے پھسلا ۔وہاج ایسا کیوں کر رہا تھا کہ اس نے یہ خود دینے کی زحمت بھی نہ کی ۔وہ اسے رکھ کے بیڈ پے بیٹھی جب اسے اسکی آواز آئی مطلب وہ نہیں سو رہا تھا

پلز صوفے پے سو جاؤ میں اپنا بیڈ شیئر نہیں کر سکتا۔اس نے سادہ میں لہجے میں کہا جبکہ حوریہ منجمد ہو گئی کہ کیا اب اسکی زندگی میں اسکی اتنی اہمیت بھی نہ رہی اس نے تو سنا تھا کہ نکاح میں بہت طاقت ہوتی ہے وہ پتھر کو بھی موم بنا دیتا ہے لیکن یہاں شاید الٹا ہوا وہ جو موم تھا اب پتھر بن گیا۔اس نے کانپتے ہاتھوں سے تکیہ اٹھایا اور صوفے پے آ گئی۔آنسو قطار در قطار بہہ رہے تھے اور یونہی نیند کی دیوی اس پے مہربان ہو گئی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

??????????

زارون بے چینی سے اپنے کمرے میں ٹہل رہا تھا۔وہ کچھ دیر پہلے ھی گھر آیا تھا اسے آج یہ معلوم ہوا تھا کہ کشش اور زرش دو ٹوئنز تھیں۔اور اسے سب سمجھ بھی آ گیا تھا اسی نے اسے یہ خبر بھی دی تھی جس نے پہلے بتایا تھا اور اسے اب خود پے بہت غصہ آ رہا تھا کہ اس نے بے گناہ کے ساتھ ایسا کیا کیونکہ اسے ہمیشہ سے ھی اس کشش اور اس کشش میں فرق لگتا تھا لیکن وہ کسی نتیجے پے نہیں پوھنچ پا رہا تھا۔۔اس نے اسے اسکے گھر والوں سے دور کیا تب ھی کچھ سوچتے اس نے پاکستان کی ٹکٹ بک کروائی۔اب وہ کشش کے گھر والوں سے معافی مانگنا چاہتا تھا لیکن کیا وہ اسے معاف کریں گے ؟

??????????

صبح ہو چکی تھی اور وہاج نے ساری رات آنکھوں میں کاٹی تھی اب بھی وہ کافی دیر سے غیر مرئ نقطے کو دیکھ رہا تھا پھر اسے حوریہ کا خیال آیا تو صوفے کی جانب دیکھا جہاں وہ بلکل کنارے پے سوئی تھی ایک بازو اسکا نیچے لٹک رہا تھا اسے دیکھ کے اسے اپنے رات کے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

روییے کے بارے میں یاد آیا۔اس نے خود بہت کچھ سوچا تھا کہ وہ اسے ہر خوشی دے گا لیکن اب

وہ اٹھ کے اس کے پاس گیا اس کے چہرے پے آنسوؤں کے مٹے مٹے نشان تھے۔اسے خود پے غصّہ آنے

لگا لیکن اس نے خود پے قابو پایا

حوریہ حوریہ حوریہ ۔اس نے پہلے آہستہ آہستہ اور پھر اونچی آواز میں اسے پوکارہ لیکن جب وہ ٹس سے مس نہ ہوئی تو اسکی اتنی گھری نیند دیکھ کے اسکے ہونٹوں پے مسکراہٹ چھاۓ کیونکہ اسنے اتنی گہری نیند کسی کی نہیں دیکھی تھی

پھر اس نے اسے اٹھانے کے لئے بیڈ کے سائیڈ ٹیبل گلاس اٹھا کے زور سے زمین پے پھینکا

اور کشش جو بہت گہری نیند میں تھی اسے لگا جیسے کوئی چیز پہاڑ سے گری ہو ۔تو اس نے آہستہ آہستہ نیند سے بوجھل آنکھیں کھولیں جب اسے سارا ماجرا سمجھ آیا تو وہ جلدی سے اٹھی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کل سے تم 6:30 بجے اٹھو گی ناشتہ بناؤ گی میرے لئے ۔وہ یہ کہتا الماری کی جانب بڑھا

اور ہاں میرے کپڑے بھی تم ھی نکالو گی ۔اس نے اسکی ہونک بنی شکل دیکھ کے کہا

جی ؟۔اس نے بے یقینی سے کہا

جی ہاں ۔وہ یہ کہتا واش روم کی جانب بڑھ گیا ۔جبکہ حوریہ فق چہرہ لئے وہاں ھی دیکھ رہی تھی جہاں سے وہ گیا تھا کیونکہ اسے کچھ بھی نہیں آتا تھا کچن میں وہ کبھی نہیں گئی تھی اور صبح جلدی خود اٹھنا یہ تو نہ ممکن بات تھی۔ایک بار پھراسکی آنکھوں میں آنسو آ گئے آج اسکا ولیمہ تھا اور اسکا شوہر اسے اپنے کاموں کی لسٹ تھما رہا تھا ابھی وہ کھڑی تھی کہ دروازہ نوک ہوا اور عیشاء کی آواز

حور دروازہ کھولو جلدی ۔اسکی بد حواس سی آواز آئی تو اس نے جلدی سے دروازہ کھولا

ہاں کیا ہوا سب ٹھیک ہے ۔اس نے اسے دیکھ کے پوچھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حوریہ وہاج بھائی کہاں ہیں جلدی چلو نیچے آمان انکل کو ہارٹ اٹیک ہوا ہے ۔وہ اسے جلدی سے کہتی نیچے نیچے واپس گئی

کیا ؟بابا کو ۔وہ بھی تیزی سے نیچے کو بھاگی تب ھی وہاج نے اسے بھاگتے دیکھا تو وہ بھی جلدی سے نیچے گیا

وہ جب کمرے میں پوھنچی تو شہناز بیگم آمان صاحب کے پاس بیٹھی رو رہی تھیں

ماما ماما کیا ہوا بابا کو ۔وہ جلدی سے ان کے پاس پوھنچی

بابا بابا اٹھیں کیا ہوا آپکو بابا ۔وہ انہیں جھنجھوڑتی بولی

حوریہ پتا نہیں کیا ہوا انہوں نے مجھے کہا کہ انھیں پانی پینا ہے تو میں پانی لینے گئی تھی جب واپس آئی تو وہ دل پے ہاتھ رکھے کراہ رہے تھے ۔شہناز بیگم نے ہچکیوں سمیت کہا ۔تب ھی وہاج وہاں پوھنچا

باباااا

وہاج جلدی سے ان کے پاس پوھنچا ۔اور انھیں سہارا دے کے اٹھایا اور باہر تک لایا۔گاڑی میں بیٹھا کے وہ بغیر کسی کی سنے ہوسپٹل روانہ ہو گیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اللہ کرے سب ٹھیک ہو۔ شہناز بیگم نے روتے ہوئے کہا

انشاءاللہ ماما سب ٹھیک ہوگا آپ فکر مت کریں ۔حوریہ نے انھیں تسلی دیتے کہا جبکہ وہ خود پریشان تھی کہ اچانک یہ سب کیا ہو گیا کل تک تو وہ بلکل ٹھیک تھے پھر اب۔جبکہ عیشاء اس سب کے دوران خاموش تھی

??????????

ڈاکٹر نے وہاج کو بتایا کے انھیں ہارٹ اٹیک ہوا ہے انہوں نے انکا مکمل چیک اپ کیا اور کچھ دوائیاں بھی لکھ کے دیں ۔انھیں ہوش آ گیا تھا اور وہ ان سے ملنے گیا تو وہ آنکھیں موندے لیٹے تھے اسکی آہٹ سن کے انہوں نے اپنی آنکھیں کھولیں

بابا۔کیا ہو گیا اچانک آپکو ۔اس نے بھرای آواز میں انکا ہاتھ تھام کے پوچھا جبکہ وہ ہلکا سا مسکراے

کچھ نہیں بیٹا اس عمر میں تو یہ سب ہونا ھی ہے ۔انہوں نے آرام سے کہا

کیا بابا ابھی عمر ھی کیا ہے آپکی ؟وہ پھیکا سا مسکرایا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اچھا بابا آپ ریسٹ کریں میں ماما کو بتاتا ہوں سب ٹھیک ہے اپنے بہت پریشان کیا ہے انھیں آج وے کسی چیز کی ضرورت ہو تو میں یہیں ہوں بس ابھی آیا ۔ان نے آرام سے کہہ کے انکا ہاتھ چوڑا اور باہر کی جانب چل دئے جبکہ وہ پیچھے اسکی فکر مندی پے مسکرا دئے

??????????

اللہ کا شکر ہے آمان ٹھیک ہیں میں تو بہت پریشان ہو گئی تھی بیٹا ۔انہوں نے حوریہ کی جانب دیکھ کے کہا ۔وہاج نے ابھی انھیں فون کر کے بتایا تھا کہ بابا ٹھیک ہیں اور کچھ دیر تک گھر آ جایں گے یو انکی پریشانی کچھ کم ہوئی تھی

جی انٹی انکل اتنی جلدی تھوڑی آپکو چھوڑنے والے ہیں ہے نہ حوری ۔عیشاء شرارت سے کہا جبکہ حوریہ نے اسے گھوری سے نوازا کہ یہاں اتنی پریشانی ہے اور اسے یہ سب سوجھ رہا ہے اور شہناز بیگم بس ہلکا سا مسکرا دیں ۔اور پھر شکرانے کے نفل ادا کرنے چل دیں

????????

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

زاروں پاکستان پوھنچ چکا تھا اور اس وقت مرتضیٰ صاحب کے گھر کے باہر کھڑا تھا اس میں ہمت ھی نہیں ہو رہی تھی کہ وہ اندر جائے انکا سامنا کیسے کرے جنہیں اس نے اتنی تقلیف دی ۔آخر کار بہت جمع کر کے اس نے بیل بجائی تو کچھ دیر بعد حمزہ نے دروازہ کھولا تو اسے دیکھ کے غصّے سے اسکی جانب لپکا اور اسکا گریبان پکڑ کے بولا

گھٹیا انسان کشش کہاں ہے بتاؤ ۔اس نے اسے ایک مکا دے مارا جب وہ اس سے کالر چھڑا کے بولا

دیکھو حمزہ ایک بار میری بات سن لو میں تمہیں سب بتاتا ہوں مجھے بس غلط فہمی ----

غلط فہمی تمہیں ہماری زندگی برباد کر دی اور تم کہہ رہے ہو غلط فہمی ۔وہ پھر سے اس پے جھپٹا ۔اور اب آوازیں سن کے علینا اور مرتضیٰ صاحب بھی باہر آ گئے اور وہاں کا منظر دیکھ کے حیران ہوئے

حمزہ یہ کیا کر رہے ہو چھوڑو اسے ۔انہوں نے اسے چھڑانا چاہا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Galat Fahmiya | By Hoorain (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں بابا آپ جانتے ہیں یہ وہی کمینہ ہے جو کشش کو لے گیا تھا

مرتضیٰ صاحب ایک بار میری بات سن لیں میں یہاں سے چلا جاؤں گا پھر

میں کشش کے بارے میں اپسے بات کرنا چاہتا ہوں ۔جبکہ کشش کا نام سن کے انہوں نے اسے اجازت دی۔تو وہ انہیں سب بتانے لگا کے زرش نے کیا کیا پھر اسے غلط فہمی ہوئی جس کی وجہ سے وہ کشش کو تکلیف دے گیا اور پھر کشش کا غایب ہونا ب اسکی میموری لوس وغیرہ سب کچھ اس نے انھیں بتایا جبکہ وہ سب اسکی باتیں سن کے ساکت ہو گئے کہ انکی کشش نے کتنی مشکلات برداشت کیں تم گھٹیا نیچ انسان بنا پوری بات جانے اتنا سب کر لیا اور اب جب تمہیں پتا لگا تو تم اب شرمندا ہو ۔حمزہ غصے سے کہا

سونو لڑکے ہم سے کوئی امید مت رکھنا ہمیں بس کشش واپس لا دو و ہم ہم سوچ سکتے ہیں

نہیں بابا ایسا نہیں کریں گے کبھی معاف کریں گے اسے جس کی وجہ سے کشش ہم سے دور ہوئی اور ماما بھی ۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ماما ؟وہ کچھ حیران ہوا

کیا مطلب ۔اس نے نہ سمجھی سے اسکی جانب دیکھا

مطلب یہ کہ تمہاری وجہ سے ہمنے اپنی ماما کو کھو دیا تمہاری وجہ سے وہ ہمیں چھوڑ کے چلی گئیں تمہاری وجہ سے وہ ایک بار اپنی بیٹی کو دیکھ نہیں سکیں ۔حمزہ نے بھرای آواز میں کہا اور رخ موڑ لیا ۔

اسکی وجہ وہ اتنا گنہگار ہو گیا اب وہ کیسے معافی ان سب سے کیا اب کشش اسے معاف کرے گی کیا اب وہ مافی کا حق دار ہے ۔نہیں اب کششاسے معاف نہیں کرے گی کسی صورت ۔وہ بت بنا کھڑا تھا ۔جبکہ مرتضیٰ صاحب بیٹھے تھے اور علینا بھی ان کے چپ کھڑی تھی ۔اور اب وہ بنا اور کچھ کہے باہر کی جانب چل دیا

آمان صاحب گھر آ چکے تھے اور اب انکی طبعیت بھی ٹھیک تھی کافی ڈاکٹر کے حساب سے انھیں نارمل اٹیک ہوا تھا اور یہ انکا دوسرا اٹیک تھا جبکہ تیسری بار انکے لیے خطرہ ہو سکتا ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حور انکے پاس تھی جبکہ وہاج کچھ دیر پہلے ھی باہر گیا تھا اور شہناز بیگم ان کے لئے سوپ بنا رہیں تھیں

??????????

زارون وہاں سے سیدھا اپنے گھر آیا تھا اسکا ضمیر اسے ملامت کر رہا تھا کہ یہ اس نے کیا کیا اس کی وجہ سے ایسا ہوا نہ وہ ایسا کرتا نہ ایسا ہوتا اسکے دماغ کی رگیں پھٹنے کے قریب تھیں اسے سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ اب وہ کیا کرے لیکن اب اس نے سوچا تھا کہ پہلے کشش کی میموری واپس لائی جائے اگر وہ اسے معاف کر دے گی تو وہ مرتضیٰ صاحب سے بھی معافی مانگ لے گا ابھی وہ سوچ ھی رہا تھا کہ اسکا موبائل بجا اسکا اٹھانے کا کوئی ارادہ نہیں تھا لیکن نمبر دیکھ کے اس نے اٹھا لیا

زارون مجھے سمجھ نہیں آ رہا کیا کروں میں مجھے نہیں ٹھیک لگ رہا ایسا کرنا میں اسے خود سے بد گمان نہیں کر پا رہا مجھے کچھ سمجھ نہیں آ رہا کیا کرنا ہے بتاؤ مجھے ۔اسے بے بس سی آواز آئی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیا؟تمہیں ایسا کرنے کی ضرورت نہیں ہے میں ایسا نہیں چاہتا بلکل بھی تمہارے ایسا کرنے سے اسکا دل دُکھا رہے ھی تم

جانتا ہوں میں یہ

تو بس تم ایسا کچھ نہیں کر رہے اب

لیکن

لیکن ویکن کچھ نہیں بس ۔۔میں تمہیں بعد میں کال کرتا ہوں ۔یہ کہتے اس نے کال کاٹ دی جبکہ دوسری طرف پریشانی چھا گئی

??????????

حوریہ سونے کی تیاری کر رہی تھی جب وہاج کمرے میں آیا

وہ تم بیڈ پے سو سکتی ہو کل مجھے پریشانی تھی کوئی اس وجہ سے ۔۔۔خیر ۔۔۔آئی ایم سوری ۔وہاج نے شرمندہ لہجے میں کہا جبکہ وہ حیران کے ساتھ ساتھ خوش بھی تھی کہ جیسا وہ سوچ رہی تھی ویسا نہیں تھا وہاج پریشان تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں کوئی بات نہیں میں سمجھ سکتی ہوں ۔اس نے آرام سے کہا

نہیں حوریہ تم نہیں سمجھ سکتی ۔وہاج نے دل میں سوچا

ہمم رات بہت ہو گئی ہے تھک گئی ہو گی تم سو جاؤ کل کافی کام ہیں ۔وہاج نے اسے کہا ۔کیونکہ انکا ولیمہ ایک دن بعد رکھا گیا تھا تو اب کل انکا ولیمہ تھا

حوریہ جھجھکتے ہوئے بیڈ پے آئی اور سونے کی کوشش کرنے لگی تب ھی اسے وہاج کی آواز آئی

حوریہ مجھے کبھی غلط مت سمجھنا میں جو بھی کروں گا تمہاری بھلائی کے لئے کروں گا تمہیں یقین ہے نہ مجھ پے ؟۔اس نے آس سے اسکی جانب دیکھ کے کہا

جی مجھے یقین ہے آپ کبھی میرے لئے کچھ غلط نہیں کریں گے ۔حوریہ نے بھی اسکی جانب دیکھ کے کہا تو وہ مسکرا دیا

شکریہ حور مجھ پے بھروسہ کرنے کے لئے ۔اس نے اسکا ہاتھ تھام کے کہا

ہمم.وہ بس اتنا ھی کہہ سکی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اچھا چلو اب سو جاو مجھے بھی نیند آرھی ھے گڈ نائٹ.اس نے اسکا ھاتھ چھوڑ کے کروٹ لیتے کہا تو وہ بھی گڈ نائٹ کہتے آنکھیں موند گئی

?????????

آج حوریہ اور وہاج کا ولیمہ تھا ۔حوریہ اور عیشاء پارلر جا چکی تھیں سارا انتظام ہو چکا تھا آمان صاحب نے لاکھ کوششوں کے با وجود شرکت کی تھی

وہاج اسٹیج پے آ چکا تھا اور اب حوریہ کا انتظار تھا ۔

اور اب حوریہ بھی آ چکی تھی اس کے ساتھ دائیں جانب شہناز بیگم اور بائیں جانب عیشاء تھی اور وہ چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتی اسٹیج کی طرف آ رہی تھی اور وہاج کے دل کی دھڑکن بڑھا رہی تھی

آج اس نے پنک کلر کا لہنگا جس پے نفیس سا کام ہوا تھا زیب تن کیا تھا بالوں کا جوڑا بنایا گیا تھا جس میں سے کچھ لٹیں نکالی گئیں تھی جو اس کے گلے میں جھول رہی تھیں ساتھ ھی بیوٹیشن کے عمدہ میک اپ میں وہ غضب ڈھا رہی تھی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

??????????

وہ کل رات ھی لندن واپس آیا تھا ۔اور اس وقت وہ آئینے کے سامنے کھڑا اپنے بال بنا رہا تھا ایک آخری نظر اس نے خود پے ڈالی اور باہر کی رہ لی

کچھ ھی دیر میں وہ اپنی منزل پے پوھنچ چکا تھا وہ گاڑی سے اترا اور اندر کی جانب بڑھا ۔اندر جا کے سامنے ھی اسے غضب ڈھاتی دشمن جاں نظر آئی ۔پھر وہ اسکی جانب چل پڑا

زارون کو آتا دیکھ کے وہاج بھی اس سے ملنے کے لئے کھڑا ہو گیا ۔زارون نے اسے گلے لگا کے مبارک باد دی پھر حوریہ کو بھی دی اور وہاج نے اسکا تعارف کروایا

حوریہ یہ میرا دوست ہے زارون علی ہے ۔اس نے آہستہ سے حوریہ کو بتایا تو وہ ہلکا سا سر ہلا گئی

وہاج کے ایسے دوست ہیں کتنا عجیب انسان ہے یہ اس دن بھی کیسے گھور رہا تھا ۔حوریہ نے دل میں سوچا

وہاج کین آئی ٹاک ٹو یو فائیو منٹس ۔زارون نے وہاج سے کہا ۔تو وہ اٹھنے لگا جب شہناز بیگم بولیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیا کر رہے ہو وہاج بیٹھے رہو چپ کر کے ۔شہناز بیگم نے آنکھیں دکھاتے کہا

اہ ماما کچھ نہیں ہوتا بس پانچ منٹس بائے دا وے میٹ مائے فرینڈ زارون علی ۔وہاج نے اسکی طرف اشارہ کر کے کہا

السلام علیکم انٹی۔اس نے انھیں آرام سے سلام کیا

وعلیکم اسلام بیٹا ۔انہوں نے بھی پیار سے جواب دیا

اچھا بیٹا میں ابھی ۔وہ کسی کام کو یاد کرتے وہاں سے چل دیں

ہاں بولو کیا بات ہے ۔زارون اور وہاج قدرے سائیڈ پے آ گئے

وہاج میں کشش سے معافی مانگنا چاہتا ہوں لیکن ۔۔۔لیکن ایسے کیسے جب اسے کچھ یاد ھی نہ ہو پلیز میری مدد کرو اتنی مدد تم نے کی ہے میری مجھ پے یقین کیا پلیز مجھے کچھ سمجھ نہیں آ رہا ۔زارون نے بے بسی سے کہا

دیکھو زارون میں کیا کر سکتا ہوں مجھے خود کچھ سمجھ نہیں آ رہا کیسے اسکی میموری واپس لا سکتے ہیں ۔وہاج نے کہا لیکن یہ وہ ھی جانتا تھا وہ یہ سب کیسے کر رہا ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اپنی محبت کو خود ھی خود سے دور کر رہا ہے لیکن وہ خود غرض نہیں تھا

میرے خیال سے مجھے ڈاکٹر سے بات کرنی چاہیے میں تمہیں کل بتاؤں گا ابھی مجھے جانا ہے بائے ۔وہ یہ کہتا چل دیا اور ایک آخری نظر حوریہ پے ڈال کے باہر نکل گیا اصل میں تو وہ کشش کو دیکھنے ھی آیا تھا اسے اس دن کا انتظار تھا جب کشش دوبارہ اس کے پاس اور اب وہ اسے کوئی تکلیف نہیں دے اسے ہر خوشی دے گا ہر دکھ ہر غم کو اس سے دور کر دے گا ۔دو مہینے جب وہ اس کے پاس تھی تو وہ اس سے سدھے منہ بات نہیں کرتا تھا اور اب وہ چاہتا تھا کہ اس سے بات کرے تو ایسا ممکن نہیں تھا اسکی نظروں میں اپنے نا پسندیدگی دیکھی تھی اس نے اور یہ دیکھ کے اسکا دل کٹ گا تھا لیکن اب اسے عقل مندی سے کام لینا تھا

وہ جلدی سے اپنے گھر پوھنچا اور جا کے اپنے کمرے میں بند ہو گیا

??????????

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ولیمے کے بعد اب وہ لوگ گھر واپس جا رہے تھے وہاج حوریہ اور عیشاء ایک ساتھ تھے جبکہ آمان صاحب اور شہناز بیگم ساتھ عیشاء کی ماما تھیں ج کہ اس کے بابا آج نہیں آے تھے

وہاج اور حوریہ کی گاڑی اگے جبکہ آمان صاحب کی پیچھے تھی -

وہاج اس وقت بھی حوریہ کے بارے میں سوچ رہا تھا کہ اس سے دور ہوئی تو ؟۔ابھی وہ سوچ ھی رہا تھا u اگر وہ سامنے سے ایک ٹرک آیا ڈرائیور شاید کنٹرول نہیں کر پایا اور ادھر وہاج ایک دم اپنی سوچوں سے واپس نکلا کہ

وہاج یہ یہ کیا ۔حوریہ بولی جبکہ عیشاء کا چہرہ سفید اور گیا

وہااااج ۔ار زور دار آواز کے ساتھ ٹرک اور انکی گاڑی کا تصادم ہوا اور گاڑی زور سے پاس کی عمارت سے جا ٹکرای

تب ھی پیچھے سے آمان صاحب اور شہناز بیگم جلدی سے انکی جانب آے ٹرک والا روکا نہیں تھا بلکہ جا چکا تھا .گاڑی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بری طرح کریش ہو چکی تھی اور شیشے بھی ٹوٹ چکے تھے

وہاج وہاج حوریہ عیشاء ۔شہناز بیگم سب کو بلا رہیں تھیں ۔وہاج نے جان کے خود ڈرائیو کرنے کا کہا تھا جبکہ شہناز بیگم نے اسے کافی منع کیا تھا

آمان صاحب نے ایمبولینس کو کال کی کیونکہ اپنی گاڑی ممیں وہ تینوں کو نہیں لے جا سکتے تھے

ایمبولینس آ گئی اور ان تینوں کو ہوسپٹل لے جایا گیا

□□□□□□□□

وہ اور کشش بہت خوبصورت جگہ پے تھے ہر طرف ہریالی تھی ۔وہ جانتا تھا کشش کو یہ سب پسند ہے لیکن

دیکھتے ھی دیکھتے کشش اس سے دور جانے لگی اور اس کے پاؤں جیسے جم گئے وہ ایک قدم بھی آگے نہیں بڑھا سکا وہ بلکل منجمد ہو گیا

نہیں زارون آپ اگے مت آئیں ۔اس نے ہاتھ کھڑا کر کے اسے مزید روکا اور دیکھتے دیکھتے ھی وہ غائب ہو گئی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کشش ۔۔وہ اچانک اٹھ بیٹھا اور لمبے لمبے سانس لینے لگا اور o اور پھر سائیڈ ٹیبل سے گلاس میں پانی ڈال کے پیا خود کو کچھ پرسکون کرنا چاہا لیکن بے چینی بڑھتی ھی جا رہی تھی اسے کچھ سمجھ نہیں آ رہا تھا آخر اسکی وجہ کیا وہ اٹھا اور کمرے میں چکر کاٹنے لگا لیکن بے چینی بڑھتی جا رہی تھی پھر وہ بالکونی میں آیا اور اس کے باد اس نے کسی احساس کے تحت کمرے میں آ کے وہاج کا نمبر ڈائل کیا

The number you have dialed is currently powered off please try later

اسکا نمبر بند جا رہا تھا ۔اسے مزید پریشانی نے گھیرا ۔وہ جانتا تھا یہ صحیح نہیں ہے لیکن اسے اس وقت کچھ سمجھ نہیں آ رہا تھا وہ جلدی سے گاڑی کی چابیاں اور والٹ اٹھاتے باہر نکلا

□□□□□□□□

سے انکا علاج s انھیں ہوسپٹل ایڈمٹ کر دیا گیا تھا ۔کافی دیر نے بتایا تھا کہ عیشاء کی کنڈیشن n چل رہا تھا ۔اور ڈاکٹر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کچھ بہتر ہے جبکہ وہاج کی سب سے زیادہ کرٹیکل ہے اور حوریہ بھی کچھ بہتر ہے لیکن زیادہ نہیں

ڈاکٹرباہر نکلا تو آمان صاحب نے ان سے پوچھا

ڈاکٹر صاحب کیسے ہیں میرے بچے ٹھیک تو ہیں نہ

جی آپکی بیٹیاں ٹھیک ہیں انھیں کچھ دیرمیں ہوش آ جائے گا جبکہ

جبکہ کیا ڈاکٹر صاحب بتائیں جبکہ کیا ۔اب کی بار شہناز بیگم بولیں

جبکہ آپکے بیٹے کے بارے ابھی ہم کچھ نہیں کہہ سکتے انکا برین کافی ڈیمج ہوا ہے اگر انھیں اگلے 24 گھنٹوں میں ہوش آ جاتا تو ٹھیک ورنہ وہ کومہ مینجا سکتے ہیں یا پھر۔ ڈاکٹر اپنی بات ادھوری چھوڑ کے انکا کاندھا تھپتھپا کے چلے گئے جبکہ شہناز بیگم اور آمان صاحب ڈھے سے گئے

□□□□□□□□

وہ بہت تیز ڈرائیو کر رہا تھا اسکا کافی بار ایکسیڈنٹ ہوتے ہوتے بچا جب وہ وہاج کے گھر پوھنچا تو واچ مین نے اسے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بتایا کے گھر میں کوئی نہیں وہاج صاحب کی گاڑی کا ایکسیڈنٹ ہو گیا ہے اور وہ ہوسپٹل ہیں اسے یہ سب آمان صاحب نے بتایا تھا

وہ ہوسپٹل پوھنچ چکا تھا جلدی سے گاڑی سے اتر کے وہ اندر گیا اور ریسیپشن سی ان کے بارے میں پوچھا اور جلدی سی اس طرف گیا

السلام علیکم انکل میں وہاج کا دوست میں اس سے ضروری کام سے ملنے گھر گیا تھا تو مجھے پتا چلا کیسےہیں سب ؟اس نے جلدی جلدی ان سے پوچھا

واعلیکم اسلام بیٹا ڈاکٹر نے کہا ہے کہ وہاج کو 24 گھنٹے میں ہوش نہ آیا تو وہ کومہ میں چلا جائے گا ۔انہوں نے رندھی ہوئی آواز میں جبکہ شہناز بیگم خاموش رہیں

اور اور باقی سب وہ ٹھیک ہیں ۔

ہاں ہاں ٹھیک ہیں حوریہ اور عیشاء کو کچھ دیرمیں ہوش آ جائے گا۔یہ سن کے وہ کچھ پر سکون ہوا لیکن وہ وہاج کے لئے بھی پریشان تھا ۔اور انھیں کچھ عجیب تو لگا لیکن وہ نظر انداز کر گئے تب ھی نرس بھاگتی ہوئی باہر تو زارون

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آمان صاحب اور شہناز بیگم جلدی اس کے پاس جا کے اسے روک کے پوچھا

کیا کیا ہوا سسٹر سب ٹھیک ہے۔زارون نے پوچھا

مریض کی حالت کافی خراب ہو گئی ہے میں ڈاکٹر کو بولاتی ہوں ۔یہ کہتے وہ جلدی سے چلی گئی جبکہ باقی سب پیچھے ساکت ہو گئے

□□□□□□□□

ساتھ سال بعد

اذان اذان رک جاؤ بیٹا چھوٹ لگ جائے گی ۔وہ اسے پکڑنے اسکی طرف بھاگی

کیا ہو گیا بیگم کیوں اس کے پیچھے پڑی ہو کچھ نہیں ہوتا ۔وہ جو باہر جا رہا تھا اسکی طرف آ کے بولا

کیسے نہیں ہوتا ابھی یہ اتنا بڑا نہیں ہے اور آپکو تو بس اپنا صاحب زادہ ہی نظر آتا ہے ۔وہ اسے گھور کے بولی

ایسا تو نہیں بیگم ہمیں تو آپ بھی نظر آتیں ہیں ۔وہ اس کے قریب ہوتے بولا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں میرا مطلب آپ اسکی زیادہ طرف داری مت کیا کریں بگاڑ رہے ہیں آپ اسے ۔وہ منہ پھولا کے بولی

ارے نہیں بگڑتا وہ ۔۔اذان بیٹا ادھر اؤ ۔وہ اس کے پھولے منہ کو دیکھا اذان کو بولانے لگا جو اس کے بولنے پے جلدی ہی حاضر ہو گیا ۔یہ دیکھ کے اسکی ماما کا منہ کھل گیا جبکہ وہ وہ اس کے کھولے منہ کو دیکھتا بڑی مشکل سے اپنی مسکراہٹ روک نے لگا

بیٹا ماما کو تنگ مت کیا کرو انکی بات مانا کرو ۔وہ نیچے بیٹھتا اذان سے بولا

پڑ بابا ماما دندی ۔وہ بھی اپنی ماں کی طرح منہ پھولا کے بولا

ارے نہیں بیٹا ماما آپ سے بہت پیار کرتی ہیں ایسے نہیں کہتے اچھے بچے ہو نہ آپ ۔اس نے اسے سمجھایا تو وہ زور زور سے اثبات میں سر ہلانے لگا تو وہ مسکرا دیا

چلو اب اندر جاؤ اپنا ہوم ورک کرو ۔اس نے اسے کہا تو وہ اندر کی جانب بھاگا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پھر وہ اپنی بیوی کی جانب مڑا جو اسے پیار بھری نظروں سے دیکھ رہی تھی اسے پتا تھا وہ اذان سے بہت پیار کرتا ہے اور اذان بھی اسکی سب سے زیادہ مانتا تھا لیکن کبھی کبھی وہ تنگ آ جاتی تھی ان باپ بیٹے سے

ایسے نہ دیکھو بیگم دل بے ایمان ہو رہا ہے ۔وہ اسے شوخ نظروں سے دیکھتا شرارت سے بولا تو وہ چھیپ گئی

شرم کریں ایک بیٹے کے باپ بن گئے ہیں لیکن یہ چھچھوری حرکتیں نہیں ختم ہوتی آپ کی ۔وہ اپنی چھنپ مٹانے کو اسے گھور کے بولی

ارے اپنی ہی بیوی سے شرم کیسی ویسے میں سوچ رہا ہوں اذان کا کوئی بہن یا بھائی ہونا چاہیے ۔۔۔نہیں ؟۔وہ سنجیدگی سے دیکھ کے بولا لیکن آنکھوں میں شرارت واضح تھی

اذان چلو مجھے اپنا کو کا ٹیسٹ دکھاؤ ۔اسکی بات سن کے وہ تیزی سے اندر کی جانب بھاگی جبکہ اسکا قہقہہ بے ساختہ تھا جس کا اس نے دور تک اسکا پیچھا کیا

وہ لوگ اس وقت ایئر پورٹ سے نکل کے گاڑی می طرف جا رہے تھے اور سامنے ہی انھیں وہ نظر آ گیا ۔وہ اسکی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

طرف بڑھے اس کے ساتھ اسکی بیوی اور 4 ماہ کی بیٹی ہانیہ تھی جو کہ اس وقت محو خواب تھی

تم اکیلے اور کوئی نہیں آیا ۔اس نے اس کے پاس پوھنچ کے پوچھا

نہیں وہ تم لوگوں کے اچانک آنے کی وجہ تیاریوں میں لگی ہوئی ہے اور اذان اسکول تھا جب میں نکلا اس لئے وہ بھی نہیں آیا اور کل تک تو تم لوگوں کا کوئی پلان نہیں تھا پھر اچانک ۔اس نے اس کے گلے لگ کے کہا

ہاں بس تمہاری چہیتی کا پلان تھا اچانک آنے کا ۔اس نے اپنی بیوی کی طرف دیکھ کا کہا تو اس نےاسے گھورا

اوہ سمجھ جانا چاہیے ایسی اس کی ہی سوچ ہو سکتی ہے ۔اس نے اسکے سر پے ہلکی سی چپت لگاتے کہا

اچھا چلو اب آجاؤ جلدی بیگم صاحبہ گھر انتظار کر رہی ہونگی ۔وہ گاڑی کی جانب جاتے بولا تو وہ بھی چل دئے ۔اس نے انکا سامان رکھا اور ڈرائیونگ سیٹ پے آ کے بیٹھا

اور ایسے ہی ہلکی پھلکی باتوں میں وہ لوگ گھر پوھنچے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ لاؤنج میں بیٹھی ان سب کا انتظار کر رہی تھی جبکہ اذان کارٹون دیکھنے میں مگن تھا

بھابھی ۔وہ جلدی سے اسکی جانب بڑھی اور گلے لگی ہانیہ کو اب اس کے شوہر نے پکڑ ہوا تھا

وہ اسے دیکھ کے بہت خوش تھی تب تک وہ دونوں بھی جا کے صوفے پے بیٹھ چکے تھے جبکہ اذان اب ہانیہ کی طرف بھاگا

ہانی بابا ہانی اب یہاں ہی رہے دی نہ ۔اس نے معصومیت سے اپنے باپ کی طرف دیکھ کے پوچھا

ہاں بیٹا اب کچھ دن یہ یہیں رہے گی ۔جواب ہانیہ کے بابا کی طرف سے آیا

نہیں اب یہ ہمیشہ یہیں رہے گی ۔وہ ضد سے منہ پھولا کے بولا پھر ہانیہ کو اپنی گود میں اٹھانے کے جتن کرنے لگا جبکہ دوسری طرف وہ دونوں باتوں میں پوری طرح مگن تھیں انھیں دیکھ کے ان دونوں نے تاسف سے سر ہلایا کے انکا کچھ نہیں ہو سکتا وہ تو جب کال پے بھی شروع ہو جائیں تو جلدی نہیں ختم ہوتی انکی باتیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پتا نہیں یار یہ عورتیں اتنی باتیں لاتیں کہاں سے ہیں سمجھ نہیں آتا ختم ہی نہیں ہوتی انکی باتیں ۔اس نے ہانیہ کو ہلکے ہلکے ہلاتے اونچی آواز میں کہا جو اذان کے بار بار چھیڑنے سے کسمسا رہی تھی جبکہ ان دونوں ایک ساتھ اسے گھورا

چلیں بھابھی ہم کمرے میں چلتے ہیں یہاں تو لوگوں کو جلن ہی بہت ہو رہی ہے ۔اس نے مصنوئی غصے سے کہا اور اٹھ کھڑی ہوئی پھر ہانیہ کے گال پے بوسہ دے کے واپس مڑی

ارے ہانیہ کو بھی لے آؤ نہ

نہیں بھابھی رہنے دیں نہ تنگ کرے گی اٹھ گئی تو

کچھ نہیں ہوتا چلو دو ادھر ۔وہ ہانیہ کو اٹھاتے بولی جبکہ اذان اب اپنی ماں کے ساتھ چپک گیا ہانیہ کی وجہ سے ۔پھر وہ دونوں اندر کی جانب چل دیں ساتھ ہی اذان بھی اور وہ دونوں بھی اپنی باتوں میں لگ گئے کھانے میں ابھی وقت تھا تو اس لئے سب اپنی اپنی باتوں مگن ہو گئے

ہاں بھئی کیسی گزر رہی ہے زندگی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہمم اچھی گزر رہی ہے اب ہانیہ کی وجہ سے اور زیادہ اچھی ہو گئی ہے

اچھا صحیح۔ ۔۔اور بتاؤ کام کیسا چل رہا ہے

ہاں وہ بھی ٹھیک ہے تم بتاؤ اب تو بہت کم آتے ہو وہاں پاکستان میں ہی بس گئے بھئی تم تو

ہاں بس وہ یہیں رہنا چاہتی ہے تو مینے سوچا کہ یہیں صحیح ہے

ہمم خوش ہو ؟

بہت زیادہ میں بہت زیادہ خوش ہوں کہ وہ میری زندگی میں آئی اور اذان اس نے ہماری زندگی مکمل کر دی

ہاں ماضی میں جو کچھ بھی ہوا ہم سب کے بہتر تھا

ہمم ۔اب وہ دونوں آہستہ آہستہ ماضی کی یادوں میں کھونے لگے

□□□□□□□□

ماضی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آپ کے دو پیشنٹس کو ہوش آ گیا آپ لوگ ان سے مل سکتے ہیں ۔وہ لوگ ہوسپٹل میں ہی تھے جب ڈاکٹر نے آ کے بتایا تو شہناز بیگم اور آمان صاحب ان سے ملنے گئے جبکہ زارون بھی چاہتا تھا لیکن وہ کس رشتے سے جاتا آخر ...تو وہ باہر ہی بے چینی سے بیٹھا رہا

وہ دونوں اندر گئے تو وہ آنکھیں موندے لیٹی

حوریہ بیٹا تم ٹھیک ہو ۔شہناز بیگم نے پوچھا

جج جی ٹھیک ہ ہوں ۔وہ آنکھیں کھول کے انھیں دیکھتے بولی جبکہ تکلیف کے بائث بولنا مشکل تھا

وہاج اور عیشاء ؟اس نے ان دونوں کی طرف دیکھ کے پوچھا

ہاں بیٹا عیشاء ٹھیک ہے ۔آمان صاحب نے کہا

او اور وہاج ؟

وہ وہ بھی ٹھیک ہے بیٹا ۔انہوں نے نظریں چراتے کہا

بابا ماما ۔اس نے ان دونوں کو بلایا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جی بیٹا ٹھیک ہو تم کہیں درد ہو رہا ہے میں ڈاکٹر کو بلاؤں
۔شہناز بیگم بولیں جبکہ آمان صاحب بھی پریشانی سے
اسکی جانب دیکھ رہے

نہیں نہیں ایسا نہیں ہے وہ ۔۔وہ میں کہہ ۔۔۔۔رہی تھی کہ۔
۔۔مجھے مجھے اپنے گھر جانا ہے اپنے ماما بابا کے پاس
مجھے سب ۔۔۔سب یاد آ گیا ہے ۔اس نے ٹھہر ٹھہر کے بات
مکمل کی جبکہ وہ دونوں دنگ ہو گئے انہوں نے سوچا بھی
نہیں تھا کہ وہ ان سے دور جائے گی

اچھا بیٹا لیکن لیکن تم جانتی ہو نہ کہ تمہاری شادی ہوئی ہے
نے ہمت جمع n ہمارےبیٹے سے ۔آخر کار آمان صاحب
کرتے کہا

ہمم جی یاد ہے ۔اس نے دوسری طرف دیکھتے کہا ۔کچھ دیر
بعد وہ دونوں باہر چلے گئے ۔وہ عجیب سی کیفیت میں تھے
۔زاروں نے انھیں ایسے دیکھ کے پوچھا

کیا ہوا انکل سب ٹھیک ہے ؟

ہاں بیٹا ٹھیک ہے سب ۔تب ہی ایک نرس ان کے پاس آئی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آپ کے پیشنٹ کو ہوش آگیا ہے آپ کچھ دیر بعد ان سے مل سکتے ہیں

یا اللہ تیرا لاکھ لاکھ شکر ہے ۔وہ دونوں ایک ساتھ بولے ۔

□□□□□□□□

اگلے دو دن میں وہاج کو ڈسچارج کر دیا گیا تھا اور وہ گھر آگیا تھا لیکن زخم کافی تھے اسے ابھی اور حوریہ اس سے ایک دن پہلے گھر آئی تھی وہاج سے مل کے اور وہاج کو بھی معلوم ہو چکا تھا اس کے بارے میں اور اس نے زارون کو بھی گھر آنے کے بعد بتا دیا تھا لیکن وہ ابھی فلحال اس سے اس بارے میں بات نہیں کرنا چاہتا وہ چاہتا کہ کشش اپنے گھر جائے وہاں وہ ان سب سے معافی مانگے اپنی غلطیوں کی

اگلے ایک ہفتے تک وہاج کافی بہتر ہو چکا تھا ۔اور کشش بھی اس کے صحت یاب ہونے کا انتظار کر رہی تھی پھر سے بات کی اور انھیں s اب اس نے وہاج اور آمان صاحب اپنے گھر جانے کا کہا وہ چاہتی تھی کہ وہ اپنے ماما بابا سے مل لے پھر انھیں سب بتاۓ اور پھر جو فیصلہ ہوگا وہی بہتر ہوگا لیکن جانے سے ایک دن پہلے :

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حوریہ تمہیں کچھ بتانا چاہتا ہوں

کیا

وہ جس دن ہماری شادی ہوئی تھی اصل میں اس دن ہماری شادی ننھی ہوئی بلکہ

بلکہ؟ وہبے یقینی سے بولی

بلکہ تمہاری اور ۔۔۔۔تمہاری اور زارون کی شادی ہوئی

کیا یہ ۔۔یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں ایسا نہیں ہو سکتا آپ۔۔آپ نہیں جانتے اسے کتنا گھٹیا انسان ہے وہ ۔۔مینے۔ ۔۔مینے اس کے ساتھ دو مہینے گزارے ہیں ۔۔وہ سدھے منہ بات نہیں کر سکتا کسی سے اس کی ۔۔۔۔اسکی انا بہت اونچی ہے اس نے ۔۔۔اس نے مجھے میرے۔ ۔۔میرے گھر سے دور کیا ۔وہ وہ انسان کسی کی تکلیف نہیں سمجھ سکتا جب ۔۔۔جب اپنے گھر والوں سے دور ہوں تو کیسا۔ ۔۔کیسا لگتا ہے آپ نہیں جانتے میں اس کے ساتھ کیسے ۔۔۔کیسے رہی ہوں اور آپ ۔۔آپ کہہ رہے ہیں کہ ۔۔۔کہ اپنے میری ۔۔میری شادی اس سے کروائی پتا نہیں اس نے آپسے کیا کہا کیا سچ کیا جھوٹ اور آپ نے ۔۔۔آپ نے اس پے یقین کر لیا ۔۔۔میں۔ ۔۔میں جانتی تھی پہلے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جو نکاح نامہ اس نے دکھایا وہ نکلی ۔۔نکلی تھا لیکن اب ۔ایک منٹ ایسا کیسے ہو سکتا ہے نام مینے اس دن آپ کا ہی سنا تھا مجھے اچھے سے یاد ہےپھر ؟۔وہ روتے ہوئے ہچکیوں کے درمیان بولی اور آخرمیں سوالیہ نظروں سے اسے دیکھا جبکہ وہاج اس دوران خاموش رہا

حوریہ میں جانتا ہوں اس نے جو کچھ کیا اس نے مجھے سب سچ بتایا ہے شادی سے کچھ دن پہلے اور نکاح نامے سے کہا تھا کہ نام s میں نام اسی کا تھا مینے مولوی صاحب میرا پکارا جائے تا کہ کسی کو پتا نہ چلے ۔وہ کچھ شرمندہ لگا

دھوکہ دھوکہ دیا اپنے مجھے ۔۔۔سب ۔۔۔سب کی نظروں میری کوئی اہمیت ہی نہیں ہے چلے جایں یہاں سے میں آپکو کبھی معاف نہیں کروں گی ۔وہ رخ پھیر کے بولی

حوریہ ایسا مت میں جانتا ہوں میں نے غلط کیا لیکن زاروں ویسا نہیں رہا اب اسکی آنکھوں میں میں نے تمہارے لئے محبت دیکھی ہے اس لئےمیں نے یہ سب کیا پلیز مجھے اس سب کے معاف کر دو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آپ جا سکتے ہیں یہاں سے ۔وہ کچھ دیر کھڑا رہا پھر بھاری قدم اٹھاتا باہر کی جانب چل دیا اور پیچھے وہ پھوٹ پھوٹ کے رو دی

کیوں کیوں کرتے ہیں سب ایسا میرے ساتھ کیوں کیا میں انسان نہیں ہوں مجھے دکھ نہیں ہوتا نفرت ہےمجھے سب سے نفرت

□□□□□□□□

.

.

.

.

قسمت کی لکیروں پر اعتبار کرنا چھوڑ دیا

جب انسان بدل سکتے ہیں تو یہ لکیریں کیوں نہیں

اگلے دن وہ گھر آ گئی تھی وہاں اسے اپنی ماما کے بارے میں جب خبر ملی تو اسکا دماغ جیسے سن ہو گیا اسے کچھ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ آخر قسمت نے اس کے ساتھ کیا کیا سب اس کے واپس انے سے بہت خوش تھے لیکن وہ تو جیسے اب کچھ بھی سمجھنے سے قاصر تھی

ایک ڈیڑھ مہینے بعد وہ کچھ بھر ہوئی باتیں کرنے لگی پھر ایک دن زارون وہاں آیا اس نے ان سب سے اپنے کیے کی معافی مانگی لیکن کوئی بھی اسے معاف کرنے کو تیار نہ تھا کشش تو اسے دیکھنا تک گوارا نہ کرتی پھر آخر کار چار پانچ ماہ بعد اس نے اسے معاف کیا تو باقی سب نے بھی کیونکہ انکی یہی شرط تھی کہ اگر کشش کرے گی تو وہ بھی کر دیں گے

اور پھر زارون نے مرتضیٰ صاحب کو کشش سے اچھے سے شادی کرنے کی خواہش ظاہر کی اور یہ بھی یقین دلایا کہ اب وہ اسے بہت خوش رکھے گا اور پھر اس نے کشش کے نام اپنی آدھی پراپرٹی کر دی تحفظ کے طور پر

قریباً چھ سات ماہ کی تگودو کے بعد کشش اس کی زندگی میں واپس آئی جس میں وہاج کا بھی برابر کا ہاتھ تھا لیکن کشش کا رویہ اس کے ساتھ سرد ہی رہا پھر کچھ عرصے کے لئے وہ لوگ لندن چلے گئے وہاں وہاج کا زارون کے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کبھی کبھی انا جانا ہو جاتا اور وہیں پے اس نے نور کے لئے اپنا رشتہ بھیجا کیونکہ وہ اچھی لڑکی شوخ چنچل سی اور پھر وہاج اور نور کی شادی وہاں لندن ہی ہوئی

زارون کشش کی وجہ سے پاکستان میں ہی سیٹ ہو گیا پھر ڈیڑھ سال بعد خدا نے انھیں نعمت سے نوازا ۔۔اذان جبکہ وہاج اور نور کو پانچ چھ سال بعدرحمت سے ہانیہ

-

بابا ماما ہانی اذان کو نہیں دے رہیں ۔اذان نے زارون سے کہا تو وہ دونوں اپنی سوچوں سے باہر نکلے

ہاں بیٹا کیا کہ رہے ہو

بابا ماما ہانی اذان کو نہیں دے رھیں ۔اس نے منہ پھولا کے کہا

بیٹا ابھی آپ چھوٹے ہو نہ آپ سے گر جائے گی تو اسے چھوٹ لگے گی اس لئے نہیں دے رہی جب آپ بڑے ہو جاؤ پھر لینا اسے ۔زاروں نے اسے سمجھایا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں بابا اذان ہانی کو نہیں گرائے گا ۔

اچھا اذان لے لینا ادھر بیٹھو آؤ ۔وہاج نے اسے کہا تو وو اس کے پاس چلا گیا تب ہی کشش وہاں

آ جائیں کھانا کھا لیں آپ دونوں بھی ۔وہ یہ کہتے چل دی تو وہ دونوں بھی اٹھ گئے

ختم شد

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

امید ہے آپ کو یہ ناول پسند آیا ہوگا اپنی

قیمتی رائے سے ہمیں ضرور آگاہ کیجئے

فی امان اللہ

اپنا خیال رکھیے اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد

رکھیے اللہ آپ کے لیے بھی خیر و عافیت کا

معاملہ فرمائے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آمین

کریزی فینز آف ناول   پبلیشرز

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel